تجزیہ وتبصرہ

'محدث' کے 'تصویر نمبر' کے سلسلے میں بعض خطوط

① خطیب فیصل مسجد، اسلام آباد کا مکتوب

محترم ومکرم جناب حافظ عبدالرحمٰن مدنی ، جناب حافظ حسن مدنی صاحب حفظہم اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

اللہ کرے آپ کے ہاں مکمل خیریت و عافیت ہو۔ آمین ۔ ماہِ جون ۲۰۰۸ء کا 'محدث' ملا، جس کو آپ نے 'تصویر نمبر' لکھا ہے، ماشاء اللہ پڑھ کر بہت خوشی اور فائدہ ہوا۔ تصویر کے موضوع پر یہ ایک دستاویز ہے جس پر آپ حضرات اور آپ کی پوری ٹیم مبارک کی مستحق ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے اور 'محدث' کو مزید ترقی دے۔ آمین!

بلا شبہ آپ کی کاوشوں اور علمی جہود کی وجہ سے 'محدث' ملک بھر کے بہترین مجلّات کی صف اوّل میں شمار ہوتا ہے اور قوم کی رہنمائی میں اس کا بہت اہم کردار ہے۔ اس سے قبل 'حدود آرڈیننس' کے موضوع پر جس طرح 'محدث' نے قوم کی رہنمائی کی اور باطل عزائم کی بیخ کنی کرکے جہاد بالقلم کا علم بلند کیا، اس پر اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمادے۔ آمین ۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ 'محدث' کو مزید ترقی دے اور آپ سب کو بایں کرامت تا دیر سلامت رکھے۔ آمین! والسلام

آپ کا بھائی / دعا گو محمد طاہر حکیم

② مراسلہ مولانا ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ

محترم جناب مولانا حافظ حسن مدنی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

'محدث' کا تازہ شمارہ 'تصویر نمبر' کے عنوان سے شائع کرکے آپ نے جو فرض اور قرض

www.KitaboSunnat.com